**Series OSR/1/C**

کوڈ نمبر
Code No. **252/1/2**

رول نمبر
Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- برائے مہربانی چیک کیجئے کہ اس سوال کے پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات 9 ہیں۔
- سوال کے پرچہ کے داہنی طرف کوڈ نمبر لکھا ہوا ہے جو طلباء کو اپنی جواب کی کاپی کے اوپر لکھنا ہے۔
- برائے مہربانی چیک کیجئے کہ سوال کے پرچہ میں 35 سوال ہیں۔
- **برائے مہربانی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 منٹ سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **9** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **35** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# سیاسیات

# POLITICAL SCIENCE

**(Urdu Version)**

مقرّرہ وقت : 3 ، گھنٹہ | کُل نمبر : 100

*Time allowed : 3 hours* | *Maximum Marks : 100*

عام ہدایات :

(i) پرچہ کے سبھی سوال لازمی قسم کے ہیں۔

(ii) سلسلہ نمبر 1 سے 10 تک کے سوال ایک ایک نمبر کے ہیں۔ ان کے جواب فی سوال 20 الفاظ تک ہو سکتے ہیں۔

(iii) سلسلہ نمبر 11 سے 20 تک کے سوال دو دو نمبروں کے ہیں۔ ان کے جواب فی سوال 40 الفاظ تک ہو سکتے ہیں۔

(iv) سلسلہ نمبر 21 سے 30 تک کے سوال چار چار نمبروں کے ہیں۔ ان کے جواب فی سوال 100 الفاظ تک ہو سکتے ہیں۔

(v) سلسلہ نمبر 31 سے 35 تک کے سوال چھ چھ نمبروں کے ہیں۔ جن کے جواب فی سوال 150 الفاظ تک ہو سکتے ہیں۔

(vi) سلسلہ نمبر 30 کا سوال نقشے سے متعلق ہے۔ اس سوال کا جواب اپنی جواب کاپی میں لکھیئے۔

1۔ پارٹی انحصاری تحریکوں سے کیا سمجھا جاتا ہے ؟ 1

2۔ آئینِ ہند کی دفعہ 370 کا کوئی ایک خاص پہلو بیان کیجئے۔ 1

3۔ رام منوہر لوہیا نے غیر کانگریس واد کے حق میں کونسی با اصول وجہ بتائی تھی۔ 1

4۔ کب اور کیوں شاہ کمیشن کو بنایا گیا ؟ $1 = \frac{1}{2} + \frac{1}{2}$

5۔ آزادی کے وقت نہ کہ ہندوستان سے اور نہ ہی پاکستان سے شامل ہونے کے لیئے ماننے کو تیار دو شاہانہ راجوں کے نام لکھیئے۔ $1 = \frac{1}{2} + \frac{1}{2}$

6۔ سوشلسٹ پارٹی کو قائم کرنے والا کون تھا ؟ 1

7۔ اقوام متحدہ کا حاضرہ سیکریٹری جرنل کون ہے ؟ وہ کس ملک کا باشندہ ہے ؟ $1 = \frac{1}{2} + \frac{1}{2}$

8۔ انسانیت کی حفاظت سے کیا سمجھا جاتا ہے ؟ 1

9۔ بینڈ ویگن حال کے کیا معنی ہوتے ہیں ؟ 1

10. SAARC کے خاص خاص مقصد بیان کیجئے۔ 1

11. مشترکہ سرکار کے کیا معنی ہوتے ہیں؟ مرکز کے لیول پر مشترکہ سرکاروں کا زمانہ کب سے شروع ہوا۔؟ $2 = 1\frac{1}{2} + \frac{1}{2}$

12. دلت پینتھروں کے اُٹھائے گئے کوئی دو معاملات لکھیئے۔ 2 = 2×1

13. نہرو کی خارجی پالیسی کے کوئی دو اصول گنوائیئے۔ 2=1×2

14. ہندوستان کا پہلا گورنر جنرل کون تھا۔ اُس نے 1959 میں کس پارٹی کو قائم کیا۔ 1+1=2

15. ہندوستان میں کون سی دو زمینی اصلاحات کامیاب ہوئیں۔؟ 2=2×1

16. مقامی لوگوں کو اپنے حقوق کی خاص حفاظت کی کیوں ضرورت پڑتی ہے؟ 2=1+1

17. یوری جھنڈے میں بارہ سُنہری ستارے کیا دکھاتے ہیں؟ 2

18. عالم گیر پبلک اشیاء کی کوئی دو مثالیں دیں۔ 2=2×1

19. شاک تھیریپی کے کوئی دو اثرات پر روشنی ڈالیں۔ 2=2×1

20. نام [Non-Aligned Movement (NAM)] کے کوئی دو بنیادی ممبر ممالک کے نام لکھیئے۔ 2= 2×1

21. کوئی چار ایسی اصلیتیں بیان کیجئے جنہوں نے سرد جنگ کے بعد دنیا کی سیاسیات کو بدل ڈالا۔ 4 = 4×1

22. 1969 میں کانگریس پارٹی کے ٹوٹنے کے بعد اس کے پھر سے بننے کے کوئی چار پہلو واضح کیجئے۔ 4 = 1×4

23. ہندوستان کے نیوکلائی پروگرام بننے پر روشنی ڈالیئے۔ 4

24. EVM سے مکمل کیا بنتا ہے؟ اس کا ہندوستان میں آغاز کب ہوا تھا؟ EVM اور ووٹر کے پہچان کارڈ کا ایک ایک فائدہ لکھیئے۔ 4 = 2+1+1

25. عالم گیریت کے کیا معنی ہیں؟ عالم گیریت کے کوئی تین سیاسی نتائج واضح کیجئے۔ 4 = 3+1

26. 'گلوبل کامنز' کے معنی کیا ہیں؟ گلوبل کامنز کی حفاظت کے کوئی دو قدم بیان کیجئے۔ 4 = 2+2

27. ہندوستان کی حفاظتی دیکھ بھال کے کوئی چار پہلو سمجھائیے۔ 4 = 4×1

28. U.N ایک لازمی تنظیم ہے۔ دو واجب وجوہات لکھ کر اس بیان کی تائید کیجئے۔ 4 = 2×2

29۔ یہاں دیئے گئے کارٹون کا غور سے مطالعہ کر آگے پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔




(i) دیا گیا کارٹون کس ملک سے تعلق رکھتا ہے؟

(ii) LTTE سے کیا بنتا ہے؟

(iii) LTTE کی خاص مانگ کیا تھی؟

(iv) راج پکشے کونسا سیاسی کام کرنے کی کوشش میں ہے؟ 4=1×4

**نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات، سوال نمبر 29 کے بدلے صرف نابینا طلباء کے لئے۔**


(i) LTTE کی مکمل شکل کیا ہے؟

(ii) LTTE کس ملک سے تعلق رکھتی ہے؟

(iii) LTTE کی خاص مانگ کیا تھی؟

(iv) نسلیاتی جھگڑا کے کیا معنی ہوتے ہیں؟ 4=1×4

30۔ دیئے گئے ہندوستان کے سیاسی خاکہ (ص ۶) پر چار صوبوں کو (A)، (B)، (C) اور (D) سے نشان زد کیا گیا ہے۔ مندرجہ ذیل جانکاری کی بنا پر اِن کی پہچان کیجئے اور اِن کے صحیح نام اُن کے سلسلہ وار نمبروں اور حروف کے ساتھ اپنی جواب کاپی میں لکھیے۔ ۴ = ۱×۴




(i) صوبہ جہاں سے قبلی وزیراعظم وی۔ پی سنگھ چُنا گیا تھا۔

(ii) جون 1996 سے اپریل 1997 تک کا قبلی وزیراعظم اس صوبہ سے تھا۔

(iii) صُوبہ جہاں سے منڈل کمیشن (79 - 1977) کا صدر تھا۔

(iv) وہ صوبہ جہاں 1952 سے 1967 تک نیشنل کانفرنس کی سرکار بنی رہی۔

نوٹ : مندرجہ ذیل سوالات، سوال نمبر 30 کے عوض صرف نابینا طلباء کے لئے

مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجئے۔

(i) قبلی وزیر اعظم وی۔ پی سنگھ کس صوبہ سے چُنا گیا تھا ؟ 4=1×4

(ii) منڈل کمیشن (79-1977) کا صدر کون تھا ؟

(iii) قبلی وزیر اعظم نرسمہا راؤ کس صوبہ سے تھا ؟

(iv) اُس قبلی وزیرِ اعظم کا نام لکھیئے جو کمترین وقت کے لئے وزیرِ اعظم رہا۔

31. اِس پیراگراف کا غور سے مطالعہ کیجئے :

" اِس سے پہلے گھریلو مارپیٹ، جہیز کا رواج، کام کی جگہ اور عام جگہوں پر جنسی واردات کے برخلاف کام کرنے والے عورتوں کے گروہ عام طور پر شہری درمیانے درجہ کی عورتوں کے بیچ ہی عمل کارتھے۔ اور یہ بات پُورے ملک پر لاگو ہوتی تھی۔ عورتوں کے گروہ کی لگاتار کوششوں سے یہ سمجھ داری پھیلنے لگی کہ عورتوں پر ہونے والی ناانصافیاں اور جنسی فرقوں کے معاملے کافی طور پر پیچیدہ تھے۔ آٹھویں دس سالہ کے دوران عورتوں کی تحریکیں خاندانوں کے اندر اور باہر ہونے والے جنسی حادثوں تک ہی محدود تھیں۔ اِن عورتوں کے گروہوں نے جہیز کے رواج کے خلاف تحریک چلائی۔ اور ذاتی برابری کے اصول کے مطابق جنسی اور جائداد متعلقہ قانون بنانے کی مانگ کی۔"

پیراگراف کے بغور مطالعہ کے بعد مندرجہ ذیل سوالات کے جواب لکھیئے :

(i) 'جنس نابرابری' سے کیا سمجھا جاتا ہے ؟ اِس متعلقہ سوشل برائیوں کی کوئی دو مثالیں دیجئے۔

(ii) جنس نابرابری کو دُور کرنے کے کوئی دو عمل سمجھائیے۔

(iii) عورتوں کے لئے ناانصافی کی کوئی دو باتیں لکھیئے۔ ان ناانصافیوں کو ختم کرنے کا سب سے مؤثر طریقہ بتائیے۔ 6=2×3

— یا —

اِس پیراگراف کو بغور پڑھیئے :

" لوگوں کی ایک دوسری سیکشن، جو زیادہ تر کشمیریوں کی ہے، کا یقین ہے کہ دفعہ 370 سے ملی خود مختاری کافی نہیں ہے۔ کشمیریوں کے ایک گروہ کی کم سے کم تین بڑی شکایتیں ہیں۔ پہلی شکایت ہے کہ قبائلی حملہ کے بعد حالات عام ہوتے پر شمولیت کا معاملہ لوگوں کے سامنے پیش کیا جائیگا، ابھی نہیں کیا گیا۔ اِس سے پلے بیسائٹ ( Plebiscite ) کا معاملہ اُٹھا ہے۔ دوسری شکایت ہے کہ دفعہ 370 کے مطابق حاصل وفاقی درجہ عمل میں نہیں آیا۔ اس سے خود مختاری یا زیادہ بڑی ریاستی خود مختاری کی مانگ اُبھری ہے۔ تیسری شکایت ہے کہ یہ محسوس کیا جارہا ہے کہ جمہوریت جس پر باقی ہندوستان میں عمل ہوتا ہے اُسے جموں اور کشمیر کی ریاست میں بھی جاری کیا جائے۔ "

اِس پیراگراف کے مطالعہ کے بعد مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیئے :

(i) پلے بیسائٹ کا مطلب کیا ہے ؟

(ii) متعلقہ ریاست کو دفعہ 370 کِس قسم کی خود مختاری دینے کا وعدہ کرتی ہے؟

(iii) دیئے گئے پیراگراف میں ذکر کردہ قبائلی حملہ کی وضاحت کیجئے۔ 6=2×3

---

32. 1967 کے ہندوستان میں چوتھے عام چناؤ سے پہلے کے بڑے معاشیاتی بحران کو غور سے دیکھئے اور اِس کی بنا پر اِس چناؤ پر چناؤ کاروں کی رائے کا تجزیہ پیش کیجئے۔ 6=3+3

- یا -

ہندوستان میں پہلی بار تھا کہ 1977 کے چناؤ میں مخالف پارٹی کو مرکز میں طاقت میں آتے دیکھا گیا۔ اِس تبدیلی کے لئے ذمہ دار کبھی چھ وجوہات کا تجزیہ پیش کیجئے۔ 6=1×6

---

33۔ ایسی کنہی تین باتوں کی قدر داری پیش کیجئے جنھوں نے آزادی کے بعد لگ بھگ 30, سال تک کانگریس پارٹی کو سیاسی تسلّط میں رہنے میں امداد کی۔ 6=2×3

۔یا۔

دوسری پانچ سالہ پلان کے دوران صنعتی اور کاشتکاری ترقی کے لئے مددگار تین تین خاص خاص وجوہات کی وضاحت کیجئے۔ 6=3+3

34۔ ASEAN گروہ کی تین میناروں کی وضاحت کیجئے۔ 6 = 2×3

۔یا۔

ٹیکنالوجی اور امریکہ میں بسے بھارتیوں متعلقہ بھارتیوں کے امریکہ والوں سے تعلقات کی وضاحت کیجئے۔ امریکہ کے ساتھ تعلقات کی تین ممکن لڑائی متعلقہ پالیسیوں کا ذکر بھی کیجئے۔ 6=3+3

35۔ سرد جنگ کے آخیر کے بعد غیر جانبدارانہ تحریک کو جاری رکھنا جائز ہونے کی قدر پیش کیجئے۔ 6

۔یا۔

سوویت یونین کے بکھرنے کی کنہی چھ وجوہات کا تجزیہ پیش کیجئے۔ 6 =1×6